Write your name here

| Surname | Other names |
|---|---|
| | |

**Pearson Edexcel GCSE**

Centre Number

Candidate Number

# Urdu

## Unit 3H: Reading and Understanding in Urdu

**Higher Tier**

Thursday 18 May 2017 – Afternoon
**Time: 50 minutes**

Paper Reference
**5UR03/3H**

**You do not need any other materials.**

Total Marks

## Instructions

- Use **black** ink or ball-point pen.
- **Fill in the boxes** at the top of this page with your name, centre number and candidate number.
- Answer **all** questions.
- Answer the questions in the spaces provided – *there may be more space than you need.*
- You must **not** use a dictionary.

## Information

- The total mark for this paper is 40.
- The marks for **each** question are shown in brackets – *use this as a guide as to how much time to spend on each question.*

## Advice

- Read each question carefully before you start to answer it.
- Try to answer every question.
- Check your answers if you have time at the end.

*Turn over* ▶


©2017 Pearson Education Ltd.
1/1/1/1/1/1/1/1/

P 4 8 7 7 4 A 0 1 1 6

Pearson

**Answer ALL questions.**

**Some questions must be answered with a cross in a box ☒. If you change your mind about an answer, put a line through the box ☒ and then mark your new answer with a cross ☒.**

## Family

**1** Someone is telling you about their family life.

Read the text and write the correct letter to complete the sentences.

میرا نام یوسف ہے اور میں مانچسٹر کے قریب بولٹن میں رہتا ہوں۔ میں اپنے والدین کی اکلوتی اولاد
ہوں۔ میری خواہش ہے کہ میری امی کی کوئی بیٹی بھی ہوتی جس کے ساتھ میں کھیلتا اور باتیں کرتا۔
میرے دادا اور دادی بھی ہماری گلی میں قریب ہی رہتے ہیں۔ میرے باقی رشتے دار ہمارے گھر سے
کافی دور رہتے ہیں۔ اکلوتا ہونے کی وجہ سے گھر کے کام مجھے ہی کرنے پڑتے ہیں، لیکن میرے دادا میرا
بہت خیال رکھتے ہیں اور اُن کے سامنے مجھے کوئی بھی کام کرنے کو نہیں کہتا۔ اسی لیے میں زیادہ وقت
اپنے دادا دادی کے ساتھ گزارنا پسند کرتا ہوں۔

| A | B | C | D | E | F |
|---|---|---|---|---|---|
| Manchester | relatives | grandparents | Yusuf | Bolton | brother |

Write the correct letter in the box.

| | |
|---|---|
| **Example:** The boy's name is... | D |
| (i) He has no… | |
| (ii) He lives in… | |
| (iii) He lives far from his… | |
| (iv) He likes to spend time with his… | |

**(Total for Question 1 = 4 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

### Healthy living

**2** Some people are discussing health matters.

**A** میں ہر روز شام کو اپنے چھوٹے بھائی کے ساتھ باغ کی سیر کرنے کے لیے جاتا ہوں۔

**B** جب سے میں نے عینک پہننی شروع کی ہے، مجھے ٹی وی دیکھنے کا زیادہ مزہ آنے لگا ہے۔

**C** میں نے چائے اور کوفی کا استعمال بہت کم کر دیا ہے۔

**D** اگر تیز بارش یا برف باری ہو ،تو میں سکول پیدل نہیں جاتا۔

**E** میں کھانے میں سبزیوں کا استعمال زیادہ کرتا ہوں اور کھانے کے بعد پھل ضرور کھاتا ہوں۔

**F** پہلے میں کھانے کے ساتھ میٹھے مشروبات پیتا تھا، لیکن اب صرف پانی پیتا ہوں۔

Which person mentions the following?

Write the correct letter in the box.

| | |
|---|---|
| **Example:** rarely drinks tea or coffee | *C* |
| (i) walks to school | |
| (ii) avoids sweet drinks | |
| (iii) evening walk | |
| (iv) enjoys television more | |

**(Total for Question 2 = 4 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

## Work experience

**3** Some people are talking about their work experience.

| | |
|---|---|
| سُندس: | میں نے کال سینٹر میں کام کا تجربہ کیا۔ تمام دن فون پر لوگوں کی شکایات سن کر سر چکرا جاتا تھا اور شدید تھکن اور سر درد کی وجہ سے رات کو نیند بھی ٹھیک سے نہیں آتی تھی۔ |
| زُبیر: | میں نے موبائل فون کی دکان میں کام کیا۔ ہر قسم کے جدید فونوں کے بارے میں اب میری معلومات بہت زیادہ ہو چکی ہیں۔ کام کے آخری دن میں نے اپنے والد کے لیے ایک نیا موبائل فون بھی خریدا۔ |
| صبا: | گھر کے قریب کوئی اور کام نہ ملنے پر مجھے اپنے سکول کے دفتر میں کام کرنا پڑا۔ مجھے فون پر لوگوں سے گفتگو اور اُن کی مدد کرنا بہت اچھا لگا۔ |

Which person mentions the following?

Put a cross ☒ in the box.

| | Sundas | Zubair | Saba |
|---|---|---|---|
| **Example:** worked in a call centre | ☒ | ☐ | ☐ |
| (i) bought a new phone | ☐ | ☐ | ☐ |
| (ii) worked near home | ☐ | ☐ | ☐ |
| (iii) dealt with complaints | ☐ | ☐ | ☐ |
| (iv) learnt a lot about the latest phones | ☐ | ☐ | ☐ |

**(Total for Question 3 = 4 marks)**



P48774A0416

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

BLANK PAGE

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

**Environment**

**4** You read this article in an Urdu magazine.

جب سے عاطف صاحب کینیڈا کی سیر کر کے واپس لوٹے ہیں، ان کا زندگی گزارنے کا انداز ہی بدل گیا ہے۔ وہ وہاں کی صاف ستھری آب و ہوا سے بہت متاثر ہوئے اور انہوں نے اپنی صحت پر اس کے اچھے اثرات دیکھے۔ برسوں پرانی کھانسی دور ہو گئی اور پیدل چلنے سے وزن بھی کافی کم ہو گیا۔ اب وہ اپنے ماحول کو بہتر بنانے میں مصروف رہتے ہیں۔

اپنی صحت کا تو خیال رکھتے ہی ہیں لیکن انہیں دوسروں کی صحت کی بھی بہت فکر رہتی ہے۔ انہیں اپنے گھر، علاقے اور ماحول کی صفائی کا بہت احساس رہتا ہے۔ نئی گاڑی جو انھوں نے بڑے شوق سے خریدی تھی، گیراج میں چھوڑ کر، سائیکل استعمال کرنے لگے۔ ان کا کہنا ہے کہ آلودگی سے پاک ماحول صحت کے لیے بہت ضروری ہے۔ سڑکوں پر دھواں چھوڑتی گاڑیاں ہوا کو آلودہ کرتی ہیں اور سانس کی بیماریوں کی ایک بڑی وجہ ہیں۔

وہ کچھ عرصہ پہلے تک گاڑیوں کی ایک ورکشاپ میں بطور مکینک کام کرتے تھے ۔ کینیڈا سے واپس آتے ہی انھوں نے یہ نوکری چھوڑ دی۔ اب وہ کاغذ کو دوبارہ استعمال کے قابل بنانے کا کاروبار کرتے ہیں ۔ وہ اس سے بچوں کے سکول کی کاپیاں اور اخبار کے لیے کاغذ تیار کرتے ہیں ۔ عاطف صاحب کی اس نئی زندگی نے ان کے گھر والوں کو بہت متاثر کیا ہے۔ اب وہ ان کے سامنے کوڑا پھینکنے سے ڈرتے ہیں کہ کہیں کاغذ کا کوئی ٹکڑا کوڑے میں نہ چلا جائے اور ایک لمبا لیکچر سننا پڑے۔



P48774A0616

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

Answer the following questions **in English**.

(a) Since when did Atif change his lifestyle?
**(1)**

........................................................................................................................................................................................................

(b) What was he impressed with?
**(1)**

........................................................................................................................................................................................................

(c) What changes did he feel in his health during his stay there? Name **two** things.
**(2)**

........................................................................................................................................................................................................

........................................................................................................................................................................................................

(d) What means of transport does he use now?
**(1)**

........................................................................................................................................................................................................

(e) What was his previous job and what does he do now?
**(2)**

........................................................................................................................................................................................................

........................................................................................................................................................................................................

(f) What is everyone afraid of doing in front of him?
**(1)**

........................................................................................................................................................................................................

**(Total for Question 4 = 8 marks)**

## Eating out

**5** Some friends are discussing their opinions about eating out.

| | |
|---|---|
| **A** | میں اکیلا رہتا ہوں اس لیے ہمیشہ باہر سے کھانا کھاتا ہوں۔ |
| **B** | اگر کبھی باہر کھانا بھی پڑے تو صرف سبزی یا دال منگواتا ہوں۔ |
| **C** | ہفتے میں کم از کم ایک بار ریسٹورنٹ ضرور جاتی ہوں۔ |
| **D** | جو صفائی اور ذائقہ گھر کے کھانوں میں ہے وہ باہر کہیں نہیں ملتا۔ |
| **E** | باہر کے کھانے چٹ پٹے لیکن صحت کے لیے نقصان دہ ہوتے ہیں۔ |
| **F** | آج کل کی مصروف زندگی میں اکثر باہر کھانا مجبوری بن گیا ہے۔ |

Put a cross ☒ in the correct box.

| | A | B | C | D | E | F |
|---|---|---|---|---|---|---|
| **Example:** always eats out | ☒ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (i) home cooked food is best | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (ii) doesn't order meat | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (iii) eating out is unhealthy | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |
| (iv) eats out every week | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ | ☐ |

**(Total for Question 5 = 4 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

**BLANK PAGE**

## Shopping

**6** Salma is writing about her shopping experience.

چند ماہ پہلے ہم اپنے نئے مکان میں منتقل ہوئے جو ہمارے پرانے مکان سے کافی چھوٹا ہے۔ ہمارا پرانا فرج بہت بڑا تھا اس لیے نئے گھر کے باورچی خانے میں اس کے لیے جگہ نہیں تھی۔ امی نے فیصلہ کیا کہ ہم ایک چھوٹا فرج خریدیں گے۔ ہم نے آن لائن ایک نیافرج خریدتے وقت اپنے پرانے فرج کو اُٹھوانے کی درخواست بھی کی۔ اگلے ہی دن ہمارا نیا فرج تو گھر پہنچا دیا گیا لیکن پرانا فرج وہیں پڑا رہا۔ کمپنی کو فون پر شکایت کی تو دوسرے دن ہمارا پرانا فرج اٹھانے کی بجائے ایک اور نیا فرج ہمارے گھر بھیج دیا گیا۔

Put a cross ☒ in the correct box.

**Example:** When did Salma move to her new house?

| | |
|---|---|
| ☐ | **A** a few weeks ago |
| ☒ | **B** a few months ago |
| ☐ | **C** a few years ago |

(i) Why did Mum decide to buy a new fridge?

| | |
|---|---|
| ☐ | **A** the old fridge broke down |
| ☐ | **B** to match the colour scheme |
| ☐ | **C** the kitchen was too small |

(ii) Where did they order the new fridge from?

| | |
|---|---|
| ☐ | **A** the warehouse |
| ☐ | **B** the catalogue |
| ☐ | **C** the internet |

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

(iii) What method did they use to make a complaint?

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** telephone |
| ☒ | **B** e-mail |
| ☒ | **C** post |

(iv) What happened to the old fridge?

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** the company collected it |
| ☒ | **B** the council collected it |
| ☒ | **C** no one collected it |

**(Total for Question 6 = 4 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

## Future plans

**7** Asim is writing about his future plans.

میں لوٹن کے قریب ایک بہت بڑے کالج میں پڑھتا ہوں ۔ مجھے نہیں معلوم وہاں کتنے طالب علم پڑھتے ہیں کیونکہ میں کالج میں بہت کم لوگوں کو جانتا ہوں۔ میرا پسندیدہ مضمون حساب ہے، البتہ مجھے سائنس سے کوئی دلچسپی نہیں اور تاریخ کا نام سنتے ہی مجھے نیند آنے لگتی ہے۔ میرے والد ایک درزی ہیں جبکہ میرا ارادہ وکیل بننے کا ہے۔ مجھے دفتر میں کام کرنا پسند نہیں کیونکہ کمپیوٹر پر مجھے کھیلنے کے علاوہ کچھ نہیں آتا۔ کالج میں میرا سب سے اچھا دوست میرا ہم جماعت نہیں کیونکہ وہ عمر میں مجھ سے بڑا ہے۔ ہم کھانے کے وقفے کے دوران کینٹین میں ایک دوسرے سے ملتے ہیں۔

Read the text and put a cross ☒ in the **four** correct boxes.

| | |
|---|---|
| **Example:** Asim goes to college. | ☒ |
| **A** His best friend doesn't go to the same college. | ☐ |
| **B** He doesn't want to work in an office. | ☐ |
| **C** He knows most of the people in college. | ☐ |
| **D** He doesn't like science. | ☐ |
| **E** His favourite subject is history. | ☐ |
| **F** His dad is a tailor. | ☐ |
| **G** His best friend is not in the same class. | ☐ |
| **H** He likes working on the computer. | ☐ |

**(Total for Question 7 = 4 marks)**

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA



P 4 8 7 7 4 A 0 1 2 1 6

BLANK PAGE

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

**My new school building**

**8** You read the following report in your school magazine.

ہمارے سکول کی جدید عمارت پچھلے سال مکمل ہوئی۔ دیکھنے میں یہ سکول کی کم اور کسی بہت بڑی کمپنی کی عمارت زیادہ لگتی ہے۔ ہمارے سکول کو ملک بھر میں بہترین ڈیزائن والی جدید عمارت کا ایوارڈ بھی مل چکا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ یہاں مہمان اکثر آتے رہتے ہیں ۔

چند ہفتے پہلے ہمارا سکول دیکھنے چین سے کچھ مہمان آئے۔ ہمارے ہیڈ ٹیچر بڑے فخر سے انہیں سکول کا دورہ کروا رہے تھے۔ جیسے ہی وہ ایک کلاس روم میں داخل ہوئے توسکول کا فائر الارم بجنے لگا۔ سب لوگ سکول کے میدان میں جمع ہوگئے۔ جلدی میں مہمان اپنے گرم کوٹ کلاس میں چھوڑ آئے۔ گرم کپڑوں کے بغیر دیر تک کھڑے مہمانوں کے سردی سے دانت بجنے لگے۔ ان کا حال دیکھ کر ہمارے کچھ اساتذہ نے اپنے گرم کوٹ اور دستانے مہمانوں کو پیش کیئے۔ سردی سے پریشان مہمانوں نے ان کی پیشکش بخوشی قبول کر لی۔ ایک گھنٹے بعد مہمانوں کو عمارت کے اندر جانے کی اجازت ملی جہاں گرم مشروبات اور چٹ پٹے کھانوں سے ان کی خاطر تواضع کی گئی۔ چینی مہمان ہمارے سکول کے عملے کی مہمان نوازی اور اعلیٰ اخلاق سے بہت متاثر ہوئے۔

Put a cross ☒ in the correct box.

**مثال:** گذشتہ سال سکول کی عمارت کا کام۔۔۔

| | | |
|---|---|---|
| شروع ہوا | **A** | ☒ |
| ختم ہوا | **B** | ☒ |
| ملتوی ہوا | **C** | ☒ |



P 4 8 7 7 4 A 0 1 4 1 6

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA

(i) دیکھنے میں سکول کی عمارت۔۔۔۔

| | | |
|---|---|---|
| ☒ | **A** | ہسپتال کی طرح لگتی ہے |
| ☒ | **B** | ہوٹل کی طرح لگتی ہے |
| ☒ | **C** | تجارتی دفتر کی طرح لگتی ہے |

(ii) سکول کو ایوارڈ ملنے کی وجہ۔۔۔۔

| | | |
|---|---|---|
| ☒ | **A** | اس کی خوبصورتی ہے |
| ☒ | **B** | اس کی جدت ہے |
| ☒ | **C** | اس کا ماحول ہے |

(iii) عمارت کو دیکھنے۔۔۔۔

| | | |
|---|---|---|
| ☒ | **A** | اندرون ملک سے لوگ آتے ہیں |
| ☒ | **B** | دوسرے ممالک سے لوگ آتے ہیں |
| ☒ | **C** | پورے شہر سے لوگ آتے ہیں |

(iv) سکول کا دورہ کرتے ہوئے اچانک۔۔۔۔

| | | |
|---|---|---|
| ☒ | **A** | چھٹی کی گھنٹی بج گئی |
| ☒ | **B** | ٹیلی فون کی گھنٹی بج گئی |
| ☒ | **C** | آگ کی گھنٹی بج گئی |

DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA
DO NOT WRITE IN THIS AREA

(v) مہمانوں کے گرم کپڑے۔۔۔۔

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** گُم ہو گئے |
| ☒ | **B** کمرے میں رہ گئے |
| ☒ | **C** گھر پر رہ گئے |

(vi) میدان میں کھڑے مہمانوں کو۔۔۔۔

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** چائے پلائی گئی |
| ☒ | **B** کرسیاں دی گئیں |
| ☒ | **C** کپڑے دیے گئے |

(vii) مہمانوں کو پینے کے لیے۔۔۔۔

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** سنگترے کا رس دیا گیا |
| ☒ | **B** چائے دی گئی |
| ☒ | **C** شربت دیا گیا |

(viii) جاتے وقت مہمان۔۔۔۔

| | |
|---|---|
| ☒ | **A** مطمئن تھے |
| ☒ | **B** غیر مطمئن تھے |
| ☒ | **C** ناراض تھے |

**(Total for Question 8 = 8 marks)**

**TOTAL FOR PAPER = 40 MARKS**

DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA DO NOT WRITE IN THIS AREA